روزنامہ
الفضل
ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

بدھ 15 جولائی 2009ء 21 رجب 1430 ہجری 15 وفا 1388 ہش جلد 59-94 نمبر 158

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

یہ سوال کہ آیا شیطانی خواب یا الہام میں کوئی غیبی خبر ہوسکتی ہے یا نہیں۔ اِس کا جواب یہ ہے کہ شیطانی خواب یا الہام میں جیسا کہ قرآن شریف سے ظاہر ہوتا ہے کبھی خبر غیب تو ہوسکتی ہے مگر وہ تین علامتیں اپنے ساتھ رکھتی ہے (۱) اوّل یہ کہ وہ غیب کوئی اقتداری غیب نہیں ہوتا جیسا کہ خداتعالیٰ کے کلام میں اس قسم کے غیب ہوتے ہیں کہ فلاں شخص جو شرارت سے باز نہیں آتا ہم اُس کو ہلاک کریں گے۔ اور فلاں شخص جس نے صدق دکھلایا ہم اس کو ایسی ایسی عزت دیں گے اور ہم اپنے نبی کی تائید کیلئے فلاں فلاں نشان دکھلائیں گے اور ان کا کوئی مقابلہ نہیں کر سکے گا اور ہم منکروں پر فلاں عذاب وارد کریں گے اور مومنوں کو اس طور کی فتح اور نصرت دیں گے۔ یہ اقتداری غیب ہیں جو حکومت کی طاقت اپنے اندر رکھتے ہیں۔ ایسی پیشگوئیاں شیطان نہیں کرسکتا (2) دوسرے شیطانی خواب یا الہام بخیل کی طرح ہوتا ہے اس میں کثرت سے غیب نہیں ہوتا اور رحمانی ملہم کے مقابل پر ایسا شخص بھاگ جاتا ہے کیونکہ رحمانی ملہم کے مقابل پر اس کا غیب اس قدر قلیل المقدار ہوتا ہے جیسا کہ سمندر کے مقابل پر ایک قطرہ (3) تیسرے اکثر اُس پر جھوٹ غالب ہوتا ہے۔ مگر رحمانی خواب یا الہام پر سچ غالب ہوتا ہے یعنی اگر کل الہامات کو دیکھا جائے تو رحمانی الہام میں کثرت سچ کی ہوتی ہے۔ اور شیطانی میں اس کے برخلاف۔ اور ہم نے کُل کا لفظ رحمانی خوابوں یا الہاموں کی نسبت اس لئے استعمال نہیں کیا کہ ان میں بھی بعض الہام یا خواب متشابہات کے رنگ میں ہوتے ہیں۔ یا اجتہادی طور پر کوئی غلطی ہوجاتی ہے اور جاہل نادان ایسی پیشگوئیوں کو جُھوٹ سمجھ لیتے ہیں اور ان کا وجود محض ابتلا کے لئے ہوتا ہے۔ اور بعض ربّانی پیشگوئیاں وعید کی قسم سے ہوتی ہیں جن کا تخلف جائز ہوتا ہے۔ اور نیز یاد رہے کہ شیطانی الہام فاسق اور ناپاک آدمی سے مناسبت رکھتا ہے۔ مگر رحمانی الہامات کی کثرت صرف اُن کو ہوتی ہے جو پاک دل ہوتے اور خداتعالیٰ کی محبت میں محو ہوجاتے ہیں۔

(حقیقة الوحی۔ روحانی خزائن جلد22 ص 143)

مصر اور شام کے متعلق پیشگوئی

حضرت یسعیاہ نے پیشگوئی فرمائی ”خداوند اپنے تئیں مصریوں پر ظاہر کرے گا اور اس دن مصری خداوند کو پہچانیں گے اور ذبیحے اور ہدیے گزاریں گے۔ ہاں وے خداوند کے لئے منتیں مانیں گے اور ادا کریں گے خداوند تو مصریوں کو بہت دن تک مارا کرے گا لیکن وہ انہیں چنگا بھی کریگا اور وے خداوند کی طرف رجوع ہوں گے اور وہ ان کی دعا سنے گا اور انہیں صحت بخشے گا۔ اس روز سے مصر سے اسور تک ایک شاہراہ ہوگی اور اسوری مصر میں آویں گے اور مصری اسور کو جائیں گے اور مصری اسوریوں کے ساتھ مل کے عبادت کریں گے۔ (یسعیاہ باب 19 آیت 21 تا 25)

اس پیشگوئی میں بتایا گیا ہے کہ خداتعالیٰ اپنے آپ کو مصریوں پر ظاہر کریگا اور مصری خداتعالیٰ کو پہچانیں گے اور مصر اور شام کو آپس میں ملا دیا جائے گا۔ اور مصری شامیوں کے ساتھ مل کر عبادت کریں گے۔ یہ پیشگوئی بھی بانی اسلام حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کے ذریعہ سے پوری ہوئی۔ (تفصیل کیلئے دیباچہ تفسیر القرآن صفحہ 91)

داخلہ برائے اپرنٹس نرسز

فضل عمر ہسپتال ربوہ میں نرسنگ کی تربیت کیلئے درخواستیں مطلوب ہیں۔ ایسے احمدی طلباء و طالبات جو خدمت کا جذبہ رکھتے ہوں اپنی درخواستیں مورخہ 25/جولائی 2009ء تک ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال کے نام ارسال کریں۔ درخواستیں مکمل ایڈریس بمعہ رابطہ نمبر اور مکرم صدر صاحب محلّہ یا امیر صاحب جماعت کی سفارش کے ساتھ آنی چاہئیں۔ کم از کم تعلیم میٹرک فرسٹ ڈویژن / سیکنڈ ڈویژن، ایف اے / ایف ایس سی ہو لیکن میٹرک سائنس کے ساتھ کیا ہو اور عمر کی حد زیادہ سے زیادہ 20 سال ہے۔ ان شرائط پر پورا اترنے والے طلباء اور طالبات کا انگریزی B کا ٹیسٹ ہوگا۔ کامیابی کی صورت میں زبانی انٹرویو ہوگا۔ نرسنگ کورس تین سال پر محیط ہوگا۔ دوران ٹریننگ وظیفہ بھی ملے گا۔

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

سپیشلسٹ ڈاکٹرز کی آمد

☆ مکرم ڈاکٹر عباس باجوہ صاحب آرتھوپیڈک سرجن معائنہ آؤٹ ڈور گراؤنڈ فلور

☆ مکرم ڈاکٹر عبدالرفیق سمیع صاحب ماہر امراض جلد معائنہ آؤٹ ڈور ایڈمنسٹریشن بلاک

☆ مکرمہ ڈاکٹر آصفہ عباس باجوہ صاحبہ گائناکالوجسٹ معائنہ آؤٹ ڈور بیگم زبیدہ بانی ونگ

تینوں ڈاکٹر صاحبان مورخہ 19 جولائی 2009ء کو فضل عمر ہسپتال میں مریضوں کے معائنہ کیلئے تشریف لائیں گے۔ ضرورت منداحباب وخواتین ان کی خدمات سے استفادہ کیلئے ہسپتال تشریف لائیں اور پرچی روم سے قبل از وقت اپنی رجسٹریشن کروالیں۔ مزید معلومات کیلئے استقبالیہ ہسپتال سے رجوع فرمائیں۔

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

درخواست دعا

☆ مختلف مقدمات میں ملوث افراد جماعت کی باعزت بریت کیلئے درخواست دعا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان احباب کی قربانی قبول فرمائے اور ہر قسم کے شر سے محفوظ رکھے۔ آمین

مرسلہ: مکرم لئیق احمد مشتاق صاحب مربی سلسلہ سورینام جنوبی امریکہ

صد سالہ خلافت جوبلی کے بابرکت سال میں جماعت احمدیہ سورینام کے پروگرامز

خلافت جوبلی کے کچھ پروگرامز کی رپورٹ الفضل 8 /اگست 2008ء میں شائع ہو چکی ہے اس کے مزید پروگرامز کی رپورٹ پیش خدمت ہے۔

جلسہ سیرت النبی ﷺ

مورخہ 5 جولائی 2008ء کو مرکزی بیت ناصر میں جلسہ سیرت النبی ﷺ کا انعقاد ہوا۔ تلاوت قرآن مجید ترجمہ اور نظم کے بعد پہلی تقریر افریقن احمدی بھائی مکرم عبداللہ ولز صاحب نے ''نبی کریم ﷺ کے پاکیزہ بچپن'' کے حوالے سے کی دوسرے مقرر نے ''عبادت کا قیام'' کے حوالے سے آنحضرت ﷺ کا پاکیزہ نمونہ پیش کیا۔ اس کے بعد خاکسار نے ''اسوہ رسول ﷺ کو اپنانے کی عملی کوشش'' کے حوالے سے چند گزارشات پیش کیں۔ ازاں بعد وقف نو کے بچوں نے مشہور زمانہ نعت ''بدرگاہ ذی شان'' ترنم سے پڑھی۔ آخر میں تمام حاضرین کی تواضع کی گئی۔

مقابلہ مضمون نویسی

خلافت جوبلی کے سلسلہ میں سورینام جماعت کو بھی انصار، خدام اور لجنہ کے مابین مضمون نویسی کا مقابلہ کروانے کی توفیق ملی۔ اس سلسلہ میں باقاعدہ ذیلی عناوین تیار کئے گئے اور شاملین کو مواد کی فراہمی اور بہتر مضمون لکھنے کیلئے ہر قسم کی مدد دی گئی۔ کل 21 مضامین موصول ہوئے، جن میں انصار کے 3 خدام کے 8 اور لجنہ اماء اللہ کے 10 مضامین تھے۔ پہلی تین پوزیشنز حاصل کرنے والوں کو انعامات سے نوازا گیا۔ نیز تمام شاملین کو یادگاری سرٹیفیکیٹ دیئے گئے۔

جلسہ سالانہ

خدا تعالیٰ کے فضل سے جماعت احمدیہ سورینام کو مورخہ 21 اور 22 نومبر 2008ء کو اپنا 29 واں جلسہ سالانہ منعقد کرنے کی توفیق ملی۔ جلسہ کیلئے ایک دیدہ زیب دعوت نامہ تیار کیا گیا جو اعلیٰ سرکاری حکام، مقتدر شخصیات، مذہبی تنظیموں اور سرکردہ اخبارات کے نمائندوں میں تقسیم کیا گیا۔ جلسہ گاہ کی تیاری وقارعمل کے ذریعہ کی گئی اور صد سالہ خلافت جوبلی کے لوگو (Logo) اور مختلف بینرز سے آراستہ سادہ اور پروقار جلسہ گاہ تیار کی گئی۔ امسال جلسہ کا موضوع ''عالمی انسانی حقوق دینی تعلیم کی روشنی میں'' تھا۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی اجازت سے ہمسایہ ملک گیانا سے مکرم احسان اللہ مانگٹ صاحب مشنری انچارج جلسہ میں شمولیت کیلئے تشریف لائے۔ پہلے دن ''نظام جماعت کی اہمیت اور اطاعت'' اور ''نظام خلافت'' کے موضوع پر تقاریر ہوئیں۔ جلسہ کے دوسرے روز تلاوت قرآن مجید اور ترجمہ کے بعد حضرت مسیح موعود کا پاکیزہ منظوم کلام پیش کیا گیا۔ پہلی تقریر محترم فرید جمن بخش صاحب کی تھی جس میں انہوں نے قرآن مجید میں بیان کردہ انسانی حقوق کی تفصیل پیش کی اور انسانی حقوق کے قیام میں دینی تعلیم کی برتری کو ثابت کیا۔ اس کے بعد خاکسار نے ''انسانی حقوق کے قیام میں مذہب کا کردار'' کے حوالے سے چند گزارشات پیش کیں۔ جلسہ کی تیسری تقریر محترم احسان اللہ مانگٹ صاحب مشنری انچارج گیانا کی تھی جس میں انہوں نے اسوہ رسول ﷺ کے حوالے سے انسانی حقوق کے قیام کی عملی مثالیں پیش کیں۔

اس کے بعد مہمان حضرات کو اظہار خیال کا موقعہ دیا گیا۔ سب سے پہلے بہائی مذہب کے نمائندے نے سٹیج پر آ کر جماعت کا شکریہ ادا کیا کہ اتنے مفید پروگرام میں انہیں شرکت کی دعوت دی گئی پھر انسانی حقوق کے قیام کیلئے مثبت جدوجہد جاری رکھنے کی ضرورت پر زور دیا۔ اس کے بعد ملک کے نائب صدر جناب رام دین سارجو Ramdin Sardjoe سٹیج پر تشریف لائے اور سب سے پہلے جماعت کو جلسہ کے انعقاد کی مبارکباد پیش کی اور انسانی حقوق کو جلسہ کا موضوع بنانے پر جماعت کی تعریف کی نیز برملا اس بات کا اظہار کیا کہ اس جماعت کے افراد دنیا میں امن اور بھائی چارے کے فروغ کیلئے عملی کوششیں کر رہے ہیں اس کے بعد موصوف نے 10 دسمبر 1948ء کو اقوام متحدہ کی جانب سے منظور کئے گئے انسانی حقوق کے حوالے سے حاضرین سے خطاب کیا۔ جلسہ کے پروگرام میں ہوم منسٹر جناب مورس حسن خان صاحب Maurits Hassan khan کی تقریر بھی شامل تھی لیکن اپنی بیماری کے سبب پروگرام شروع ہونے سے پہلے انہوں نے معذرت کا فون کیا۔ آخر میں محترم صدر صاحب جماعت نے تمام حاضرین کا شکریہ ادا کیا۔ اختتامی دعا سے پہلے نائب صدر اور گیانا کے مربی سلسلہ کو صد سالہ خلافت جوبلی کے حوالے سے خصوصی طور پر تیار کروائی گئی شیلڈز پیش کی گئی۔ نیز نائب صدر سناتن دھرم اور بہائی مذہب کے نمائندوں کے علاوہ تین مساجد کے نمائندوں کی خدمت میں جماعتی لٹریچر پیش کیا گیا۔ اختتامی دعا کے بعد تمام حاضرین کی خدمت میں کھانا پیش کیا گیا جسے لجنہ اماء اللہ کی ایک ٹیم نے تیار کیا تھا۔ خدا تعالیٰ کے فضل اور رحم سے یہ پروگرام ہر لحاظ سے انتہائی کامیاب رہا۔ حاضرین جلسہ نے پروگرام کے نظم وضبط اور تقریروں کے معیار کی بہت اچھے الفاظ میں تعریف کی اور نیک جذبات کا اظہار کیا۔

جلسہ کے ساتھ صد سالہ خلافت جوبلی کے سال میں عالمگیر جماعت احمدیہ کی مختلف سرگرمیوں کے حوالے سے ایک تصویری نمائش کا اہتمام کیا گیا اور خاص طور پر مختلف ملکوں کے جلسہ ہائے سالانہ جن میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بنفس نفیس شمولیت فرمائی ان کی تصاویر شامل کی گئیں۔ تمام حاضرین نے نمائش کو دیکھا اور خاص طور پر غیر از جماعت دوستوں نے جماعت کی ترقی پر خوشگوار حیرت کا اظہار کیا۔ اس موقعہ پر ایک بک سٹال بھی لگایا گیا بڑی تعداد میں لوگوں نے جماعت کی طرف سے شائع شدہ قرآن مجید کا ڈچ ترجمہ اور مختلف کتب دیکھیں اور انہیں خریدا بھی۔ مقامی ٹی وی کے نمائندے نے پروگرام کی ریکارڈنگ کی اور 15 منٹ دورانیہ کی خبر نشر کی۔ خدا تعالیٰ کے خاص فضل سے صد سالہ خلافت جوبلی کے بابرکت اور یادگار سال میں جماعت کا یہ جلسہ حاضری کے اعتبار سے بھی ایک کامیاب جلسہ رہا جس میں 260 سے زائد افراد شامل ہوئے۔

صداقت کے اُجالے

جو رنگ و نور سے معمور ہو گی
وہی تو محفلِ مسرور ہو گی

ملے گی واں محبت ہی محبت
فضائے دل بہت مخمور ہو گی

لگیں گے ساحلوں پر اب سفینے
جہاں سے تیرگی کافور ہو گی

طلوع ہوں گے صداقت کے اُجالے
یہ دنیا کس قدر پُر نور ہو گی

کھلیں گے پھول امن و آشتی کے
دلوں سے ہر کدُورت دور ہو گی

جسے لکھا گیا حسنِ عمل سے
وہی اب داستاں مشہور ہو گی

جھکائے گا جو سر عجز و وفا سے
اسی کی ہر دعا منظور ہو گی

عبدالصمد قریشی

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دار النصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

ایک مومن دوسرے مومن کیلئے بطور آئینہ کے ہے

مذہبی دنیا میں آئینہ کی اہمیت

مکرم حنیف احمد محمود صاحب

آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے جو بے مثل فقرات استعمال فرمائے وہ آب زر سے لکھنے کے لائق ہیں اور تاقیامت مشعل راہ ہیں ان میں ایک فقرہ "المسلم مرآۃ لمسلم" ہے۔ جس کے معنی یہ ہیں ایک مسلمان دوسرے مسلمان کے لئے بطور آئینہ کے ہے۔

(کنزالعمال الجز والاول حدیث نمبر 739 صفحہ 89)

حدیث کی کتاب ابو داؤد میں آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کے الفاظ یوں مروی ہیں "المومن مرآۃ المومن" کہ مومن دوسرے مومن کے لئے آئینہ ہے

(ابو داؤد کتاب الادب باب النصیحۃ)

اور اس مضمون کو آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسے موقعہ پر بیان فرمایا جب آپ "انما المومنون اخوۃ" کی تعلیم دے رہے تھے اور ان دونوں فقروں کا آپس میں بہت گہرا ربط ہے، رشتہ ہے۔

آئینہ کے لفظ اور اس کی خوبیوں پر غور کرنے سے ایک مومن کا دوسرے مومن سے رشتہ مودّت کا جہاں اندازہ ہوتا ہے وہاں یہ محبت کا رشتہ بڑھتا بھی چلا جاتا ہے۔

آیئے دیکھتے ہیں کہ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اس فقرہ سے کیا کیا سبق ملتے ہیں۔

1۔ آئینہ انسان کو سنوارنے کے کام آتا ہے۔ آئینہ کو دیکھ کر انسان اپنے آپ کو خوبصورت بناتا ہے۔ اپنے چہرے کے نقائص دور کرتا ہے۔

2۔ آئینہ کا صاف ہونا ضروری ہے۔ آئینہ جتنا صاف اور شفاف ہوگا۔ اس کے اندر بننے والی شبیہ بھی اتنی ہی صاف اور ستھری نظر آئے گی۔ اور اتنے ہی نقائص صاف اور نمایاں بتا سکے گا۔ اور اگر آئینہ دھندلا ہو، گندا ہو، گرد آلود ہو یا ٹیڑھا ہو اس کے اندر شبیہ بھی صاف نہ ہوگی۔

آئینہ چونکہ اصلاح کے کام آتا ہے اس لئے صاف آئینہ انسان کی اصلاح کر کے درستگی بھی کر سکے گا۔ اسی طرح ایک صاحب ایمان جتنا زیادہ متقی، پرہیزگار، نیک اور صالح ہوگا اتنا ہی زیادہ وہ دوسرے کے لئے آئینہ کا کام دے سکے گا۔ لہٰذا ہر صاحب ایمان پر لازم ہے کہ وہ پہلے اپنی کجیاں دور کرے۔ اپنے دل کو پاک صاف بنائے تا کہ دوسرے شخص کی اصلاح کا موجب بن سکے۔ نہ کہ جس طرح زنگ آلود شیشہ بیکار شیشہ سمجھ کر پھینک دیا جاتا ہے وہ بیکار نہ سمجھا جائے بلکہ اس کے دل کی صفائی اس حد تک ہو کہ اس میں خدا نظر آنے لگے۔ حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں۔

"روحانی طور پر انسان کے لئے اس سے بڑھ کر کوئی کمال نہیں کہ وہ اس قدر صفائی حاصل کرے کہ خدا تعالیٰ کی تصویر اس میں کھینچی جائے۔"

(حقیقۃ الوحی۔ روحانی خزائن جلد 22 صفحہ 27)

3۔ آئینہ کی ایک بڑی خوبی یہ ہے کہ آئینہ انسانی چہرہ کا کوئی عیب چھپاتا نہیں بلکہ 2 اور 2=4 کی طرح واضح کر دیتا ہے۔ انسان کے بالوں کی پراگندگی، چہرے کے گرد و غبار تک بتادیتا ہے۔

اسی طرح ایک صاحب ایمان شخص اگر اپنے بھائی کے اندر کمزوری دیکھے تو اسے بتلاتے ہوئے حیا اور شرم حائل نہیں ہونی چاہئے۔ کیونکہ ہر صاحب ایمان کی زندگی ذاتی اور انفرادی ہونے کے ساتھ ساتھ اجتماعی اور قومی زندگی بھی ہے اور معاشرے کو پاک صاف رکھنے کے لئے اپنے بھائی کو اس کی کوتاہیوں اور غلطیوں کی طرف توجہ دلا دینی چاہئے۔ ایک صاحب ایمان کو یہ حق حاصل نہیں کہ وہ کسی کے اندر عیب دیکھتے ہوئے بھی اس سے اپنا مقصد حاصل کرنے کے لئے اس کی خوشامد کرے اور کہے کہ تمہارے اندر تو یہ عیب نہیں ہے تم تو بہت نیک اور پارسا ہو۔

4۔ ہاں اس سلسلہ میں آئینہ کی اس خوبی کو بھی مدنظر رکھا جائے کہ کسی بھائی کے اندر جس حد تک کمزوری ہے اس کو اسی حد تک آگاہ کیا جائے نہ کہ بات کو بڑھا چڑھا کر کیونکہ آئینہ چہرے کے داغ دھبے کو اصل سے بڑھا کر یا کم کر کے نہیں دکھلاتا۔

5۔ کسی کو نصیحت کرتے وقت ان تمام اصولوں کو مدنظر رکھنا چاہئے جو قرآن اور احادیث میں بیان ہوئے ہیں اور ان میں سے ایک یہ ہے کہ انداز نصیحت نہایت دھیما اور پیارا ہونا چاہئے۔ اتنا سخت نہ ہو کہ بھائی کا دل ہی ٹوٹ جائے۔ کیونکہ آئینہ بہت نازک ہوتا ہے ذرا سی ٹھوکر سے وہ کرچی کرچی ہو جاتا ہے اسی طرح ہمیں بھی نصیحت کرتے وقت اگلے بھائی کے جذبات اور احساسات کا خیال رکھنا چاہئے۔

6۔ آئینہ منافقت نہیں کرتا اور نہ ہی کسی کو اس کے عیب بتلانے سے گھبراتا ہے اور نہ ڈرتا ہے کہ اگر میں نے اس کو اس کے عیب سے آگاہ کر دیا تو وہ غصہ میں آ کر مجھے ہی نہ توڑ ڈالے۔ اس لئے ایک صاحب ایمان کو چاہئے کہ وہ اپنے بھائی کی کمزوری کے اظہار سے نہ ڈرے۔ نہ حجاب محسوس کرے اور نہ شرمائے بلکہ ایسے انداز میں نہایت حکمت اور پیار و محبت سے نشاندہی کر دے کہ وہ غصہ میں آنے کی بجائے فاستبقوا الخیرات کے قرآنی اصول پر عمل پیرا ہوتے ہوئے اپنے عیب کو دور کرنے کی طرف توجہ دے نہ کہ اس پر عمل ہو۔ ع

آئینہ ان کو دکھایا تو برا مان گئے

7۔ آئینہ کا ایک وصف یہ ہے کہ جو اس کے سامنے آئے گا اس کو اس کا عیب بتا دے گا۔ اور جب وہ شیشہ سے اوجھل ہوا تو اس کے عیوب بھی اوجھل ہو جاتے ہیں اور بعد میں آنے والے شخص کو پہلے شخص کے عیوب نہیں بتاتا۔ گویا آئینہ غیبت اور چغل خوری نہیں کرتا۔

آئینہ کا وصف ہر مومن کو اپنے اندر پیدا کرنا چاہئے کہ وہ اپنے بھائی کے لئے بدنامی کا موجب نہ ہو۔ اس کے عیوب اور سقم کی تشہیر نہ کرتا پھرے اور اگر اس حدیث کے الفاظ پر غور کریں تو ایک میں...... کا لفظ استعمال ہوا ہے اور دوسرے میں "المومن" کا اور یہ دونوں الفاظ یہ تقاضا کرتے ہیں کہ ہم میں سے ہر ایک دوسرے بھائی کے لئے سلامتی اور امن کا پیغام بنے اور یہ یونہی بنا جا سکتا ہے کہ ہم غیبت اور چغل خوری سے بچیں اور شیشے کی طرح ستاری اور پردہ پوشی کی صفت کو اپنائیں اور ہمدردانہ اور شفیق بن کر علیحدگی میں، تخلیہ میں اس کی کوتاہی کی نشاندہی کی جائے۔

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع اس مضمون کو اجاگر کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

"اصلاحی کوششیں جو صرف نصیحت کا رنگ رکھتی ہیں وہ ضرور ہونی چاہئیں اور نصیحت کرنا تصادم نہیں ہے کیونکہ قرآن نے ہر شخص کو نصیحت کے اوپر مامور فرما دیا ہے۔ اس لئے یہ بھی اچھی طرح سمجھ لیں کہ کسی کو نصیحت کرنے کا یہ مطلب نہیں ہے کہ آپ اس سے متصادم ہو رہے ہیں۔ اس لئے اگر آپ کو کوئی نصیحت کرتا ہے تو آپ کو یہ حق نہیں ہے کہ تم اس کو کہو کہ تم میرے معاملات میں کیوں دخل دیتے ہو۔ جاؤ اپنے معاملہ میں اپنا معاملہ رکھو۔ یہ حماقت ہے۔ یہ جواب زندگی کی حقیقت کو نہ سمجھنے کے نتیجہ میں پیدا ہوتا ہے۔ جو نصیحت کرتا ہے وہ ٹکراتا نہیں ہے۔ وہ ایک مشورہ دیتا ہے۔ ایک بیرونی آئینہ دکھاتا ہے۔ اس لئے حضرت اقدس محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک مومن کو دوسرے مومن کا آئینہ قرار دیا ہے۔ آئینہ اگر متصادم ہوگا تو ٹوٹ جائے گا۔ لیکن آئینہ تو خاموشی سے صحیح صورت اور رنگ دکھا دیتا ہے اور اس کا پراپیگنڈا نہیں کرتا، کسی اور کو کسی کے چہرے کا نقص نہیں بتاتا۔"

(مشعل راہ جلد سوم ص 328)

گویا کہ آئینہ اصلاح و ارشاد کا کام بھی کرتا ہے۔

ایک بھائی دوسرے کے لئے اصلاح کا ذریعہ ہے۔ اور وہ دوسرے کو ہمیشہ اصلاح کی طرف راغب کرتا ہے۔ جیسے نمازوں میں کسی کو باقاعدہ دیکھ کر نمازوں کی طرف رغبت بڑھتی ہے۔ کسی کے گھر سے قرآن کریم کی تلاوت کی آواز سنتے ہی یہ جذبہ دل میں پیدا ہوتا ہے کہ میرے گھر سے بھی قرآن کریم کی آوازیں بلند ہوں تا میرے گھر میں بھی فرشتوں کا نزول ہو۔

8۔ قریباً ہر گھر میں آئینہ کی موجودگی ہمیں یہ ایک عظیم سبق دیتی ہے کہ ایک مومن بھائی کو اکیلا نہیں رہنا چاہئے۔ دعوت الی اللہ کر کے اپنا بھائی ضرور بنانا چاہئے کیونکہ آئینہ کی عدم موجودگی سے انسان اپنے چہرہ کے وصف اور کمزوریوں سے کما حقہٗ آگاہ نہیں ہو سکتا۔ انسان روزانہ ہی غیر ارادی اور غیر شعوری طور پر ایسی کئی حرکات اور عادات بجا لاتا ہے جو ناپسندیدہ ہوتی ہیں اور دینی تعلیم بھی ان کو پسند نہیں کر رہی ہوتی اور بسا اوقات ناپسندیدہ حرکات بجا لانے والے کو بھی اس امر کا احساس بھی نہیں ہو رہا ہوتا کہ یہ حرکات معیوب نہیں۔ اور وہ ان کو بُرا سمجھ بھی نہیں رہا ہوتا ہے۔ تاہم دوسرے بھائی کی طرف سے توجہ دلانے پر اس کو بُرائی کا احساس ہوتا ہے۔

9۔ آئینہ صرف نقائص ہی نہیں بتاتا بلکہ انسانی چہرے کی خوبصورتی سے بھی آگاہ کرتا ہے۔ اس کے حسن کی تعریف کرتا ہے۔ اس کی حوصلہ افزائی کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے خوبصورت اور صحت مند چہرہ ملنے پر شکر گزاری کے جذبات کا اظہار کرتا ہے۔

آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم آئینہ دیکھتے وقت یہ دعا کیا کرتے تھے۔

کہ اے اللہ! خوبصورت شکل و شباہت بھی تو نے ہی عطا کی ہے۔ اب میرے اخلاق بھی حسین اور خوبصورت بنا دے۔

(مسند احمد مطبوعہ بیروت جلد 6 ص 150)

لہٰذا ایک صاحب ایمان کا فرض ہے کہ وہ آئینہ کی طرح اپنے بھائی کے اندر پائی جانے والی خوبی کی تعریف بھی کرے۔ اس کے کام کی تعریف کرے۔ اس کی حوصلہ افزائی ہو تا وہ نیکیوں میں مزید آگے بڑھے۔

10۔ آئینہ مسابقت فی الخیرات کا کام بھی دیتا ہے۔ ایک صاحب ایمان بھائی جب اپنے بھائی میں نیکیاں دیکھتا ہے تو فوراً وہ اپنا جائزہ لیتا ہے، اپنا محاسبہ کرتا ہے اور اپنے اندر موجود سقم سے آگاہ ہوتا ہے تو اپنے اندر بھی وہ نیکیاں پیدا کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ جو وہ اپنے بھائی کے اندر دیکھ چکا ہے۔ جیسے حضرت ابو بکرؓ اور حضرت عمرؓ ایک دوسرے سے آگے بڑھنے کی دوڑ میں ہر وقت مصروف رہتے تھے اور حضرت ابو بکرؓ ہمیشہ سبقت لے جاتے۔ مالی قربانی میں ایک دفعہ حضرت عمرؓ گھر کا نصف مال لے آئے تو حضرت ابو بکرؓ پورے اثاثے کے ساتھ حاضر ہو گئے۔

11۔ جہاں ایک نیک پارسا انسان دوسرے کمزور لوگوں کے لئے آئینہ کا کام کرتا ہے وہاں ایک کمزور انسان بھی ایک اچھے پارسا انسان کے لئے آئینہ کا کام کرتا ہے۔ کیونکہ ایک کمزور اور عیوب سے لت پت انسان کو دیکھ کر خدا سے خوف رکھنے والا انسان جہاں جذبات شکر گزاری بجا لاتا ہے وہاں ان

کمزوریوں سے ناپسندیدہ حرکات سے دُور رہنے کے عہد و پیمان بھی باندھتا ہے۔

کہتے ہیں حکیم لقمان سے کسی نے پوچھا کہ تم نے ادب کہاں سے سیکھے ہیں۔ جواب دیا۔ ’’از بے ادباں‘‘ کہ بے ادبوں سے۔ مزید استفسار پر بتلایا کہ ہر ناپسندیدہ چیز جو میں نے غیر میں دیکھی اس سے میں نے پرہیز کیا۔

مادی اور روحانی ہر دو دنیا میں آئینہ کو جو خاص اہمیت حاصل ہے اس کو حضرت مسیح موعود نے اپنی کتب میں مختلف جگہوں پر بیان فرمایا ہے۔ اللہ تعالیٰ کو دیکھنے کے لئے حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ بطور آئینہ کے ہیں۔ قرآن کریم بطور آئینہ کے ہے۔ آنحضور ﷺ کی سیرت اور اخلاق اپنا کر اور قرآن کریم کے احکامات پر عمل کر کے ہی خدا تعالیٰ تک رسائی حاصل کی جاسکتی ہے۔

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں۔

’’جس نے خدا کے رسولوں کو شناخت نہیں کیا اُس نے خدا کو بھی شناخت نہیں کیا۔ خدا کے چہرے کا آئینہ اُس کے رسول ہیں۔ ہر ایک جو خدا کو دیکھتا ہے اسی آئینہ کے ذریعہ سے دیکھتا ہے‘‘

(حقیقۃ الوحی۔ روحانی خزائن جلد 22 صفحہ 151)

قرآن کریم بھی ایک شیشہ ہے قرآن کریم میں بیان تمام اخلاق پر عمل کر کے ہی خدا تعالیٰ کو دیکھا جا سکتا ہے۔ گویا ہر صاحب ایمان آنحضور ﷺ کی اقتداء میں **کان خلقہ القرآن** کی عملی تصویر بن جائے۔ آپ فرماتے ہیں۔

سب جہاں چھان چکے ساری دکانیں دیکھیں
مئے عرفان کا یہی ایک ہی شیشہ نکلا

انسان کا دل بھی مثل آئینہ تمام آلائشوں اور گندگیوں سے پاک ہونا چاہئے تا جہاں اس کے ذریعہ خدا تعالیٰ تک رسائی حاصل کر سکے وہاں مخلوق خدا کی ہدایت و اصلاح کا بھی باعث ہو۔

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں۔

’’ایک شخص کا عکس جو آئینہ میں ظاہر ہوتا ہے استعارہ کے رنگ میں گویا وہ اس کا بیٹا ہوتا ہے۔ کیونکہ جیسا کہ بیٹا باپ سے پیدا ہوتا ہے ایسا ہی عکس اپنے اصل سے پیدا ہوتا ہے۔ پس جبکہ ایسے دل میں جو نہایت صافی ہے اور کوئی کدورت اُس میں باقی نہیں رہی تجلّیات الٰہیہ کا انعکاس ہوتا ہے تو وہ عکسی تصویر استعارہ کے رنگ میں اصل کیلئے بطور بیٹے کے ہو جاتی ہے۔‘‘

(حقیقۃ الوحی۔ روحانی خزائن جلد 22 صفحہ 66)

پھر آپ فرماتے ہیں۔

’’جس طرح ایک صاف آئینہ میں جو آفتاب کے مقابل پر رکھا گیا ہے۔ آفتاب کا عکس ایسے پُورے طور پر پڑتا ہے کہ مجاز اور استعارہ کے رنگ میں کہہ سکتے ہیں کہ وُہی آفتاب جو آسمان پر ہے اس آئینہ میں بھی موجود ہے۔‘‘

(حقیقۃ الوحی۔ روحانی خزائن جلد 22 صفحہ 65)

حضرت مسیح موعود نے خدا کو پانے کے جو ذرائع بیان فرماتے ہیں ان کا ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

’’خدا تعالیٰ ہر ایک کی استعداد فطرت کے موافق اپنا چہرہ اُس کو دکھا دیتا ہے اور فطرتوں کی کمی بیشی کی وجہ سے وہ چہرہ کہیں چھوٹا ہو جاتا ہے اور کہیں بڑا۔ جیسے مثلاً ایک بڑا چہرہ ایک آرسی کے شیشہ میں نہایت چھوٹا معلوم ہوتا ہے مگر وُہی چہرہ ایک بڑے شیشہ میں بڑا دِکھائی دیتا ہے۔ مگر شیشہ خواہ چھوٹا ہو خواہ بڑا۔ چہرہ کے تمام اعضاء اور نقوش دکھا دیتا ہے صرف یہ فرق ہے کہ چھوٹا شیشہ پورا مقدار چہرہ کا دکھلا نہیں سکتا۔ سو جس طرح چھوٹے اور بڑے شیشہ میں یہ کمی بیشی پائی جاتی ہے اسی طرح خدا تعالیٰ کی ذات اگرچہ قدیم اور غیر متبدل ہے مگر انسانی استعداد کے لحاظ سے اِس میں تبدیلیاں پیدا ہوتی ہیں اور اس قدر فرق نمودار ہو جاتے ہیں۔‘‘

(حقیقۃ الوحی۔ روحانی خزائن جلد 22 صفحہ 28)

مکرم مولانا دوست محمد شاہد صاحب مورخ احمدیت

عہد مصطفویؐ کا مثالی نظام معیشت

اور قدوسی تاجر، باخدا صنّاع اور خوددار مزدور

مذاہب عالم کی تاریخ میں انسانیت زندہ باد کا پہلا نعرہ عہد مصطفویؐ کے قائم فرمودہ نظام معیشت کے دوران بلند ہوا جبکہ غریبوں اور یتیموں اور بے کسوں کی مظلوم دنیا نے پہلی بار یہ نظارہ دیکھا کہ نبیوں کے بادشاہ شہ لولاک محمد مصطفیٰ ﷺ نے ایک صحابیؓ سے دریافت فرمایا کہ تمہارے ہاتھ کیوں سیاہ پڑ گئے ہیں انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ دن بھر پتھر پر پھاؤڑا چلاتا ہوں اور اس سے اہل وعیال کی روزی کماتا ہوں یہ سنتے ہی آنحضور ﷺ نے ان کے ہاتھ چوم لئے۔

(اسدالغابہ تذکرہ سعد انصاری)

یہ اعزاز و اکرام ہی تھا جس نے پورے معاشرے میں محنت کشی، اکتساب رزق اور تجارت و صنعت کی عظمتوں کو چار چاند لگا دئے تھے اور بیکاری اور گداگری کی ذہنیت کو مسل کے رکھ دیا۔

اگرچہ مدینہ کی تجارت پر یہود قابض تھے مگر اصحاب رسولؐ نے یہود کے مقابل شہر میں متعدد بازار کھول دئے ایک بازار تو اس مقدس بستی کے اندر تھا ایک قبا میں جس کے بانی غالباً عمرو بن عوف تھے اسی طرح ام العیال مسجد الرایہ اور بقیع میں پُر رونق دکانیں کھل گئیں۔ (سیر الصحابہ جلد سوم ص 73)

حضرت زبیرؓ طلحہؓ اور حضرت عبدالرحمٰن بن عوف اس دور مقدس کے نامی گرامی تاجر، جاگیردار اور زمیندار تھے۔ حضرت حاطب بن ابی بلتعہؓ نے شہر میں کھانے کی دکان (ریسورنٹ) کھول رکھی تھی جس سے خوب بِکری ہوتی تھی۔

حضرت خباب بن ارتؓ لوہار تھے ان کی بنائی ہوئی تلواریں بہت مقبول تھیں۔ حضرت عبداللہ بن سلام جیسے متمول وذی ثروت صحابی لکڑیوں کا گٹھا سر پر اٹھائے جارہے تھے کہ لوگوں نے تعجب کا اظہار کیا جس پر آپ نے فرمایا میں اس مزدوری سے کبر وغرور کا قلع قمع کرنا چاہتا ہوں۔

(سیر الصحابہ جلد دوم۔ حصہ دوم صفحہ 236 تالیف جناب مولوی معین الدین صاحب ندوی پبلشر ادارہ اسلامیات انارکلی لاہور)

دلچسپ تاریخی واقعات

اس ضمن میں تاریخ اور کتب سیر میں کئی نہایت ایمان افروز دلچسپ واقعات ہمیں ملتے ہیں نمونۃً تین کا ذکر کافی ہوگا۔

حضرت عبدالرحمٰن بن عوفؓ صدیق اکبرؓ کی تبلیغ سے بارگاہ نبوت میں حاضر ہوئے اور حق کے مقدس قافلہ مصطفوی میں شامل ہو گئے خلعت ایمان سے مشرف ہونے کے بعد آپ کو جلاوطن ہونا پڑا پہلے ہجرت حبشہ کی پھر مدینہ آگئے جہاں آنحضرتؐ نے انہیں حضرت سعد بن ربیع انصاری کے دامن اخوت سے وابستہ فرما دیا وہ انصار میں سب سے زیادہ مالدار اور فیاض تھے کہنے لگے میں اپنا نصف مال ومنال تمہیں بانٹ دیتا ہوں میری دو بیویاں ہیں جو پسند آئے ان کا نام بتلا دو میں طلاق دے دوں گا بعد عدت تم نکاح کر لینا۔ لیکن حضرت عبدالرحمٰن بن عوف جیسے غیور صحابی نے جواب دیا خدا تمہارے اموال وعیال کو برکت بخشے مجھے **صرف بازار دکھا دو۔ لوگوں نے بنی قینقاع کے بازار میں پہنچا دیا جہاں آپ نے باقاعدہ تجارت شروع کردی** خدائے رزاق نے ایسی برکت ڈالی کہ تھوڑے عرصہ کے اندر امیر کبیر بن گئے۔

(ایضاً صفحہ 120-121)

حضرت سلمانؓ فارسی کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خود اہل بیت کا فرد قرار دیا تھا آپ مدائن کے گورنر تھے پانچ ہزار دینار ماہانہ تنخواہ ملتی تھی مگر اس کے باوجود اپنے ہاتھ سے چٹائیاں بُن کر وجہ معاش پیدا کرتے تھے اور سرکاری خزانہ کی رقم راہ خدا میں صرف کر دیتے تھے۔

(اسدالغابہ بحوالہ ’’مسلم نوجوانوں کے سنہری کارنامے صفحہ 106 مولف شیخ رحمت اللہ خاں شاکر اسسٹنٹ ایڈیٹر الفضل قادیان۔ اشاعت یکم اپریل 1939ء)

حضرت سلمان سادگی اور غنا کا مرقع تھے۔ ایک بار ایک شخص نے جانور کے لئے چارہ خریدا۔ حضرت سلمان کھڑے تھے انہیں مزدور سمجھ کر چارہ ان کے سر پر زبردستی رکھ دیا رستہ میں لوگوں نے بتایا کہ یہ تو صحابی رسولؐ اور گورنر مدائن ہیں جس پر وہ شخص سخت نادم ہوا اور فوراً گٹھڑی خود اٹھا لینے کا قصد کیا مگر حضرت سلمان نے انکار کر دیا اور سامان اس کے گھر تک پہنچا کے واپس تشریف لائے۔

حضرت ابوبکر صدیقؓ کا اصل ذریعہ معاش قبل از اسلام تجارت تھا آپ قریش کے سب سے بڑے اور متمول تاجر تھے اور بزازی آپ کا محبوب شغل تھا۔ عہد اسلام میں بھی آپ نے مال تجارت لے کر دور دراز ممالک تک سفر کئے۔ وصال نبویؐ سے بھی ایک سال قبل بغرض تجارت بصریٰ تشریف لے گئے۔

منصب خلافت پر فائز ہونے کے اگلے ہی روز آپ نے حسب معمول کپڑے کے تھانوں کا گٹھا اٹھایا اور خرید وفروخت کے لئے بازار چل دئے۔ حضرت ابوعبیدہ اور حضرت عمر بن خطاب نے انہیں دیکھ لیا انہوں نے عرض کیا حضور اب تو آپ ہمارے امیر ہیں یہ کام چھوڑ دیں آپ آبدیدہ ہو گئے فرمایا آخر مجھے اپنے بال بچوں کا پیٹ بھرنا ہے بہرحال آپ ان کے کہنے پر واپس گھر تشریف لے آئے اور بزرگ صحابہ نے بیت المال سے آپ کا وظیفہ مقرر کرا دیا۔ جس کی تفصیل ابن سعد نے یہ بیان کی ہے کہ روزانہ آدھی بکری کا گوشت ان کے لئے اور ان کے اہل وعیال کے لئے ملتا تھا اور اہل وعیال کے کپڑے بھی۔ آپ کو دو چادریں ملتی تھیں جب وہ پرانی ہو جاتی تھیں تو انہیں واپس کر کے دوسری لے لیتے۔

(بحوالہ سیر الصحابہ جلد اول صفحہ 94-95 و ’’مسلم نوجوانوں کے سنہری کارنامے‘‘ صفحہ 108)

حضرت صدیق اکبرؓ کی وصیت

حضرت صدیق اکبر نے مرض الموت میں حضرت ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کو بلا کر وصیت فرمائی کہ مسلمانوں کے مال میں سے میرے پاس ایک خادمہ اور دو اونٹنیوں کے سوا کچھ نہیں میرے مرتے ہی یہ حضرت عمرؓ کے پاس بھیج دی جائیں اسی طرح میری تجہیز وتکفین کے بعد گھر میں کوئی اور چیز بھی بیت المال کی ہو تو واپس کر دی جائے۔ پھر ارشاد فرمایا

اس وقت جو کپڑا میرے بدن پر ہے اس کو دھو کر دوسرے کے ساتھ کفن دینا۔

حضرت عائشہؓ نے عرض کی ابا یہ تو بوسیدہ اور پرانا ہے کفن کسی نئے کپڑے کا ہونا چاہئے۔ فرمایا:

زندہ لوگ مُردوں کی نسبت نئے کپڑوں کے زیادہ حق دار ہیں میرے لئے یہی پھٹا پرانا بس ہے۔

(مزید تفصیل کے لئے دیکھئے ’’طبقات ابن سعد‘‘ حالات حضرت ابوبکر صدیقؓ)

سیدنا حضرت ابوبکرؓ صدیق 22 جمادی الآخرہ 13ھ مطابق 25/ اگست 634ء کو خالق حقیقی سے جا ملے اور شہ کونین خاتم النبیّین حضرت محمد مصطفیٰ احمد مجتبیٰ ﷺ کے پہلو میں دفن کئے گئے۔ آپ کی قبر نبی کریم ﷺ کے سر مبارک کے قریب تھی۔ ازاں بعد جب فاروق اعظم امیر المومنین سیدنا حضرت عمرؓ خطاب روضہ رسولؐ میں سپرد خاک کئے گئے تو آپ کا سر آنحضورؐ کے مبارک قدموں کے پاس تھا۔

جماعت ہائے احمدیہ گھانا کی ایک عظیم سعادت

اسانٹی چوئی زبان میں قرآن مجید کے ترجمہ کی تقریب رونمائی

پہلی بار کسی بھی الہامی کتاب کا اسانٹی چوئی زبان میں ترجمہ

جماعت احمدیہ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے خدمت دین کے سنگ میل طے کرتی ہوئی امسال 121 ویں سال میں قدم رکھ چکی ہے اور خلافت احمدیہ کے زیر سایہ احمدیت کا یہ پودا ایک تناور درخت کی صورت میں پھل پھول لا رہا ہے جس کی ایک تازہ مثال جماعت ہائے احمدیہ گھانا کی طرف سے قرآن مجید کا اسانٹی چوئی (Asante Twi) زبان میں ترجمہ پیش کیا جانا ہے۔ گھانا کے ساٹھ فیصد سے زائد لوگ یہ زبان بولتے ہیں۔ قرآن مجید کا اسانٹی چوئی (Asante Twi) زبان میں ترجمہ کرنے کی یہ سعادت جماعت احمدیہ گھانا کے ایک دیرینہ خادم مکرم الحاج ڈاکٹر یوسف احمد ایڈوسی صاحب سینئر سرکٹ مشنری کو ملی ہے اور اس کی اشاعت کے جملہ اخراجات گھانا جماعت کے ہی ایک اور مخلص احمدی مکرم الحاج ابراہیم بونسو صاحب سینئر سرکٹ مشنری نے برداشت کئے ہیں۔

اس سلسلہ میں مورخہ 28 مارچ 2009ء کو بمقام ٹیچرز ہال (Teacher`s Hall) اکرا نیشنل ہیڈ کوارٹرز گھانا کی طرف سے ایک باوقار رونمائی کا اہتمام کیا گیا جس میں احمدی احباب وخواتین کے علاوہ مختلف طبقہ فکر سے تعلق رکھنے والے عمائدین نے شرکت کی۔ تقریب کا باقاعدہ آغاز مکرم مولانا ڈاکٹر عبدالوہاب آدم صاحب امیر ومشنری انچارج گھانا کی زیر صدارت تلاوت قرآن کریم سے ہوا حضرت اقدس مسیح موعود کے کلام فی مدح قرآن میں سے چند اشعار انگریزی ترجمہ کے ساتھ پیش کئے گئے۔

مکرم الحاج حافظ احمد جبریل سعید صاحب نائب امیر ثالث نے ''قرآن کریم بطور ایک معجزہ'' کے موضوع پر تقریر کی اس کے بعد مکرم ڈاکٹر مبارک اوسئی کو لیی صاحب نے تفصیل کے ساتھ قرآن مجید میں بیان شدہ ان سائنسی ایجادات کا ذکر کیا جنہیں آج کی سائنس تسلیم کرنے پر مجبور ہے۔

اس تقریب کو اس وقت چار چاند لگ گئے جب مکرم امیر صاحب نے ڈائس پر تشریف لا کر حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا وہ پیغام حاضرین کے سامنے پڑھ کر سنایا جو حضور انور نے ازراہ شفقت خصوصاً اس تقریب کے لئے ارسال فرمایا تھا۔ پیغام کا اصل متن انگریزی میں تھا جس کا اردو ترجمہ قارئین کی خدمت میں پیش ہے۔

پیغام حضور انور

میرے پیارے امیر صاحب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

یہ جان کر خوشی ہوئی ہے کہ جماعت احمدیہ گھانا کو اللہ تعالیٰ کے فضل سے اسانٹی زبان میں قرآن کریم کا ترجمہ کرنے کی توفیق ملی ہے تا کہ اللہ تعالیٰ کے اس پاک کلام کو مقامی لوگ اپنی زبان میں پڑھ سکیں۔ میری دلی دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کامیابی میں برکت ڈالے اور لوگوں کو اس پاک کتاب کو سمجھنے اور قبول کرنے کی توفیق عطا فرمائے کیونکہ یہ قرآن مجید ہی ہے جو دنیا اور انسانیت کے مسائل کا حل ہے۔ حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں۔

قرآن کی وہ اعلیٰ شان ہے کہ ہر ایک شان سے بلند ہے..........وہ ایسی کتاب ہے کہ اس میں ہر چیز کی تفصیل ہے اور اس میں آئندہ اور گزشتہ کی خبریں موجود ہیں اور باطل کو اس کی طرف راہ نہیں ہے نہ آگے سے نہ پیچھے سے اور وہ خدا تعالیٰ کا نور ہے۔

(خطبہ الہامیہ۔ روحانی خزائن جلد 16 صفحہ 103)

مزید حضرت مسیح موعود قرآن مجید کے بارے میں فرماتے ہیں:

ہر یک فساد کی اسی زور سے مدافعت کرتا ہے کہ جس زور سے وہ آجکل پھیلا ہوا ہے اس کی تعلیم نہایت مستقیم اور قوی اور سلیم ہے گویا احکام قدرتی کا ایک آئینہ ہے اور قانون فطرت کی ایک عکسی تصویر ہے اور بینائی دل اور بصیرت قلبی کے لئے ایک آفتاب چشم افروز ہے۔

(براہین احمدیہ۔ روحانی خزائن جلد 1 صفحہ 82)

اللہ تعالیٰ ان تمام احباب کو جو قرآن کریم کے اسانٹی زبان میں ترجمہ کی اس تقریب میں شامل ہیں بہترین جزا سے نوازے اور ان سب کے لئے ہدایت و برکت کا موجب بنائے۔ اللہ تعالیٰ آپ سب پر اپنا فضل فرمائے۔

والسلام

خاکسار

(دستخط) مرزا مسرور احمد

خلیفۃ المسیح الخامس

تاثرات مہمانان کرام

اس پیغام کے بعد مختلف مہمانوں کو اپنے تاثرات کے اظہار کا موقع دیا گیا۔

چنانچہ Rev. Dr Robert Aboagye Mensah, Bishop of Methodist Church کے نمائندہ کے طور پر Rev. Anthony Sackey نے اپنے تاثرات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ قرآن مجید کا اسانٹی چوئی میں ہونے والا یہ ترجمہ گھانین کو قرآنی تعلیمات سمجھنے میں مدد دے گا۔

پھر University of Ghana, Legon کے علم لسانیات کے پروفیسر Kofi Agyekum اور (ISD) Information Service Department کے اسسٹنٹ ڈائریکٹر Mr.B.M.Imoro نے جماعت احمدیہ کے اس قدم کو سراہتے ہوئے کہا کہ اب گھانین کو ان کی اپنی زبان میں اس الہامی کتاب کو سمجھنے کا موقع ملا ہے۔

اس کے بعد تقریب کے اس حصہ کا آغاز ہوا جس میں مختلف حفاظ نے مختلف موضوعات مثلاً قرآن کریم کا اعلیٰ مقام، امن، حرمت انسانیت اور عیسائیوں کے ساتھ تعلقات، علم کا حصول، تمام انبیاء پر ایمان لانا، فطرت اور تخلیق انسانی میں تنوع، مناسب عہدیداران کا انتخاب اور عدل جیسے موضوعات پر نہایت سلیقے سے چنی گئی مختلف آیات کی تلاوت سے حاضرین کو محظوظ کیا جن کا ساتھ انگریزی اور اسانٹی چوئی زبان میں ترجمہ پیش کیا جاتا رہا۔

بعد ازاں مکرم مولانا ڈاکٹر عبدالوہاب آدم صاحب امیر ومشنری انچارج نے خطاب کیا اور کہا کہ اب تک جماعت احمدیہ کو دنیا کی 120 زبانوں میں قرآن مجید کی منتخب آیات کا ترجمہ کرنے کی توفیق مل چکی ہے جیسے انگریزی، یونانی، جاپانی، جرمن، ڈچ، سواحیلی اور یوروبا وغیرہ۔ جماعت احمدیہ کے تراجم کی خوبی یہ ہے کہ ہمیشہ ترجمہ کے ساتھ اصل عربی متن بھی ضرور دیا جاتا ہے تا کہ عربی متن کبھی بھی اپنی اہمیت نہ کھو پائے۔

1989ء میں جماعت احمدیہ کی صد سالہ جوبلی کے موقع پر مرکز کی طرف سے قرآن کریم کی منتخب آیات کا دنیا کی ایک سو زبانوں میں ترجمہ پیش کیا گیا تھا جن میں درج ذیل سات گھانین زبانیں تھیں۔

ایوے (Eve)، ڈغبانی (Dagbani)، والی (Wali)، گاں (Ga)، انزمہ (Nzima)، فانٹی (Fante) اور اسانٹی (Asante)۔ یہ امر اس بات کا آئینہ دار ہے کہ دین حق گھانا کی ان تمام قوموں میں نفوذ ہو چکا ہے۔

مکرم امیر صاحب نے کہا کہ یہ پہلا موقع ہے کہ کسی بھی الہامی کتاب کا اسانٹی چوئی زبان میں ترجمہ ہوا ہے۔

اس کے بعد مکرم امیر صاحب نے حسب ارشاد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ مہمانوں اور قرآن کریم کے ترجمہ کے دوران مختلف مراحل پر خصوصی تعاون کرنے والے احباب کے درمیان حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کے دستخط شدہ قرآن کریم کے ترجمہ کی ایک ایک کاپی پیش کی۔

پروگرام کے اختتام پر مکرم امیر صاحب نے دعا کروائی جس کے بعد حاضرین کی ماکولات ومشروبات سے تواضع کی گئی۔

چند نمایاں خصوصیات

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی زیر ہدایت اور مکرم مولانا ڈاکٹر عبدالوہاب آدم صاحب امیر ومشنری انچارج گھانا کی زیر نگرانی تیار ہونے والا یہ ترجمہ لندن سے دیدہ زیب کاغذ پر طبع ہوا ہے۔ عربی متن یسرنا القرآن کی طرز پر ہے اور ترجمہ احمدیہ علم کلام کا آئینہ دار ہے جس کی تیاری میں حضرت خلیفۃ المسیح الرابع اور حضرت مولوی شیر علی صاحب کے تراجم کو مدنظر رکھا گیا ہے۔ قرآن مجید کے آخر پر فرہنگ اور قرآنی مضامین کی تفصیلی فہرست کے علاوہ اختلاف رائے والی بعض آیات کے حصوں یا الفاظ کی احمدیہ علم کلام کی روشنی میں وضاحت کی گئی ہے۔

ذرائع ابلاغ میں خبر

اس تقریب رونمائی کی خبر دو نیشنل چینلز GTV اور Metro TV نے پیش کی۔ اس کے علاوہ تین معروف قومی اخبارات نے اس تقریب کی رپورٹ درج ذیل طریق پر شائع کی۔

1۔ روزنامہ Daily Guide نے اپنے 30 مارچ 2009ء کے شمارے میں مکرم امیر صاحب کی تصویر کے ساتھ سہ کالمی جلی سرخی کے ساتھ اس عنوان سے خبر شائع کی۔ "Twi Quran Launched"

2۔ روزنامہ The Daily Graphic نے اپنے 2/اپریل 2009ء کے شمارے کے صفحہ 54 پر دو کالمی یہ سرخی لگائی

"Ameer Launches Asante Twi Translation of Quran"

3۔ ہفتہ وار The Chronicle نے اپنے 3/اپریل 2009ء کے شمارے کے صفحہ 8,9 پر مکرم امیر صاحب کی تصویر کے ساتھ درج ذیل سہ کالمی سرخی لگا کر خبر شائع کی۔

"Asante Twi Quran outdoored"

(باقی صفحہ 6 پر)

مکرم ڈاکٹر سلطان احمد مبشر صاحب ایف سی پی ایس سینئر میڈیکل سپیشلسٹ فضل عمر ہسپتال ربوہ

گیسٹرو اینٹرائٹس۔ معدہ اور انتڑیوں کی بیماری

GASTROENTERITIS

گیسٹرو اینٹرائٹس معدے اور انتڑیوں کی ایک ایسی بیماری ہے جس کی بہت سی وجوہات ہیں۔ اس کی ایک بہت بڑی علامت ڈائریا (Diarrhea) یعنی پاخانوں کا زیادہ مقدار میں آنا ہے۔ بیماری کی شدت معمولی سے لے کر اس حد تک ہوسکتی ہے کہ زندگی کو خطرہ لاحق ہو جائے۔ بیماری کا علاج اسکی وجوہات کے مطابق کیا جاتا ہے۔

بیماری عموماً Infectious agents کے انتڑیوں کی دیواروں پر چمٹنے یا دیواروں میں داخل ہونے یا زہریلے کیمیاوی مادوں کے (جو Endotoxin اور Exotoxin کہلاتے ہیں) پہنچنے سے پیدا ہوتی ہے۔ اس بیماری میں پاخانوں کے رستہ نہ صرف پانی کا اخراج جسم سے بڑھ جاتا ہے بلکہ نمکیات اور دیگر ضروری اجزاء کے اخراج کی وجہ سے جسم میں ان ضروری اشیاء کی کمی ہو جاتی ہے۔

مرض کی وجوہات ڈھونڈنے میں ایک اچھی History موثر کردار ادا کرتی ہے۔ اس میں علامات کی مدت، بخار، قے، پیٹ درد، پاخانوں کی تعداد، مقدار، رنگ، ساخت وغیرہ، پانی کی کمی اور اسی طرح اس امر کی شناخت کہ ایسی علامات کس کس گروپ میں موجود ہیں مثلاً کسی دعوت کے بعد، کسی مخصوص علاقہ میں یہ بیماری ہوئی ہو وغیرہ۔

وجوہات

اس مرض کی وجوہات بہت سی ہیں مثلاً وائرس، بیکٹیریا، پیرا سائٹ، خوراک میں زہریلے مواد کی موجودگی، مختلف قسم کی ادویات اور بعض قسم کے کینسر، ایڈز، کیموتھراپی یا ریڈیوتھراپی وغیرہ۔

علامات

بیماری کی وجہ کے مطابق علامات ہوتی ہیں جو مجموعی طور پر اس طرح ہوسکتی ہیں۔

پاخانوں کی کثرت، قے، پیٹ میں درد اور مروڑ، جی کا متلانا، پاخانوں میں چربی اور خون کی آمیزش، پانی کی کمی، پٹھوں اور عضلات میں کھچاؤ، بیماری چند گھنٹوں سے کئی دنوں تک جاسکتی ہے۔

Infectious Diarrhea کو دو بڑے گروپس میں تقسیم کیا جاسکتا ہے۔

1. Inflammatory or Bloody Diarrhea

اس میں بڑی آنت بیکٹیریا، پیراسائٹس اور زہریلے مواد کی وجہ سے متاثر ہوتی ہے۔ اس میں مریض کو پاخانہ بار بار اور کم مقدار میں آتا ہے اور خون آمیز ہوتا ہے اور ساتھ ساتھ پیٹ میں مروڑ اور بار بار حاجت کا محسوس ہونا اور بخار بھی آتا ہے۔

2. Non-Inflammatory Diarrhea

اس کی وجوہات میں چھوٹی آنت کا وائرس یا دیگر زہریلے مواد سے متاثر ہونا ہے اور اس طرح نمکیات اور پانی کے توازن میں رخنہ اندازی ہوتی ہے جس کے نتیجہ میں بڑے اور پانی کی طرح کے پاخانے آتے ہیں۔ ساتھ قے اور پیٹ میں درد بھی ہوسکتی ہے۔

Food Poisoning

یہ بیماری اُن زہریلے مواد کی وجہ سے پیدا ہوتی ہے جو خوراک میں پائے جاتے ہیں۔ اس کی علامتوں میں پیٹ درد اور بخار بھی ہوسکتا ہے۔

علاج

علامات کے ظاہر ہونے پر فوری طور پر ڈاکٹر سے رابطہ کرنا چاہیے تاکہ وہ مرض کی وجوہات اور شدت کے مطابق علاج تجویز کر سکے۔ تاہم یہاں خوراک کے بارہ میں چند ہدایات درج کی جاتی ہیں۔

1۔ آسانی سے ہضم ہونے والی (زود ہضم) والی خوراک کا استعمال کرنا چاہئے۔

2۔ فروٹ، جوسز، چائے، اُبلے پانی کا استعمال کیا جائے۔

3۔ آنتوں کو آرام دینا ضروری ہے اور اسکے لیے چکنائی، دودھ سے بنی ہوئی اشیاء اور کافی وغیرہ سے پرہیز ضروری ہے۔

نمکول یا ORS

نمکول کا بار بار استعمال بہت سی پیچیدگیوں سے بچا سکتا ہے۔ نمکول ایک سستا، محفوظ اور انتہائی زود اثر محلول ہے۔

لیموں پانی کا استعمال بھی مفید ہے۔ ایک گلاس پانی میں ایک لیموں معمولی نمک اور چینی کے دو تین چمچ بھی نمکیات کی کمی کو دور کرتے ہیں۔ علاوہ ازیں جو کا پانی یا چاولوں کا پانی بھی مفید ہے۔ مکمل آرام کرنے سے علامات کی بہتری ہوسکتی ہے۔

پکے ہوئے کیلے، سیب، دہی، چاول کا استعمال جبکہ علامات کی شدت میں کمی ہو جائے تو مفید ہے۔

مرچ مصالحہ اور چکنائی والی خوراک سے اجتناب مناسب ہے۔ اگر علامات برقرار رہیں یا پانی کی کمی کی علامات مثلاً غنودگی، بے ہوشی، جلد اور منہ کی خشکی، پیشاب کی کمی، شدید کمزوری، آنکھوں کا اندر کی طرف دھنس جانا وغیرہ پائی جائیں تو فوراً ہسپتال سے رجوع کرنا چاہیے تا داخلہ کے بعد بذریعہ ورید محلول اور Rehydration solution اور دیگر ادویات دی جاسکیں۔

چھوٹے بچوں اور بہت بوڑھے افراد میں علامات شدید ہوسکتی ہیں اور اُن کا خاص خیال رکھا جانا ضروری ہے۔

بچاؤ

گیسٹرو کے علاج میں سب سے اہم بات اس سے بچاؤ کی تدابیر ہیں۔ اگر تو اس کی وجہ وائرس ہے تو شائد اس سے بچاؤ ممکن نہ ہو۔ لیکن اگر Food Posioining اس کی وجہ ہے تو آئندہ ایسی خوراک سے اجتناب کرنا ضروری ہے جو صحیح طریق پر تیار نہ کی گئی ہوں۔

بیکٹیریا عموماً پولٹری مصنوعات، انڈوں یا کریم سے بنائی گئی اشیاء پر افزائش پاتے ہیں۔ لہٰذا گرم موسم میں ایسی اشیاء کو Refrigerate کئے بغیر نہیں چھوڑنا چاہئے۔

اسی طرح گیسٹرو کی بیماری ایک فرد کے دوسرے فرد سے میل ملاپ خصوصاً پاخانے کی وجہ سے پھیلتا ہے اس لئے رفع حاجت کے بعد صابن اور پانی سے اچھی طرح ہاتھوں کی صفائی بہت ضروری ہے۔ خوراک کے ذریعہ بیماری سے بچاؤ کے لئے انڈوں اور گوشت کو اچھی طرح پکانا اور باقی ماندہ کو ریفریجریٹر میں اچھی طرح ڈھانپ کر رکھنا بچاؤ میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔

